# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ ثانوی تعلیم اساتذہ)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس تدریس اردو (6509/8639) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح بی ایڈ/ ایم ایڈ/ ایم اے ایجوکیشن

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

نوٹ:

-1 کسی بھی سوال کا جواب 200 الفاظ سے کم نہ ہو۔

-2 متعلقہ مواد کو پڑھنے کے بعد اپنے الفاظ میں جواب لکھئے۔

-3 غیر متعلقہ مواد، کتب سے ہو بہو نقل کرنے سے گریز کیجئے۔ آپ کا جواب تنقیدی اسلوب لئے ہونا چاہئے۔

-4 کتاب سے ہو بہو نقل کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں ملے گا۔ میں

-5 مشق کو خوشخط تحریر کیا جائے۔ ٹائپ ہرگز نہ کروایئے۔

-6 حسب ضرورت حوالہ جات تحریر کیجئے۔

-7 مشق مقررہ تاریخ تک یا اس سے پہلے جمع کروایئے۔

-8 مشق جمع کروانے کی آخری تاریخ گزرنے کے بعد ہرگز قابل قبول نہ ہوگی۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر 40

سوال نمبر ۱: اردو کی تخلیق اور بنیادی لسانی خصوصیات پر بحث کریں۔ نیز اردو کی جدید تدریسی تحقیق کا تنقیدی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر ۲: درسی متن کے اہم نکات پر بحث کریں۔ نیز استاد کے ذاتی انداز سبق سے متعلق اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر ۳: سننے اور بولنے کی مہارتوں کے اہم نکات پر بحث کریں۔ اردو سننا سکھانے کی تدریسی طریقوں کا تنقیدی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر ۴: لکھنا سکھانے کے بنیادی نکات پر بحث کریں۔ نیز لکھنا سکھانے کے تدریسی طریقوں کا تنقیدی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر ۵: قرأت سکھانے کی تدریس سے متعلق پہلوؤں پر بحث کریں۔ نیز عملی تدریس نثر کو موثر بنانے کے لیے اہم اقدامات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر 40

سوال نمبر ۱: ثانوی سطح کی تدریس نظم کے اقدامات بیان کریں۔ نیز تدریس غزل سے متعلق اہم امور پر تی مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر ۲: مطالعہ کی تدریس کے اہم پہلوؤں پر بحث کریں۔ نیز تقریر کی خصوصی تدریس کو موثر بنانے کے اقدامات کا تنقیدی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر ۳: انشاپردازی کی تدریس سے متعلق اہم نکات بیان کریں۔ نیز اعلیٰ مہارتوں کے منصوبی طریقہ پر مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر ۴: اردو کی تدریس کو موثر بنانے کے لیے سوالات، آزمائیشوں اور مشقوں کی ضرورت واہمیت پر مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر ۵: تدریس اردو میں قواعد کی تدریس، بعض خصوصی امور اور کمپیوٹر کی ضرورت واہمیت پر مفصل روشنی ڈالیں۔ (20)